# ٹائم اور فوکس مینجمنٹ

محمد علی (ٹیچر، ٹرینر، ایجوکیٹر)

# کورس کا تعارف

- اس کورس کے گیارہ ماڈیول ہیں
- ہر ماڈیول کے آخر میں پانچ نمبر کا ایک کوئز ہو گا
- اس کورس میں آپ کو ٹائم مینجمنٹ اور فوکس مینجمنٹ کی اہمیت قرآن و حدیث کی روشنی میں بتائی جائے گی۔
- میں آپ کو ریسرچ اسائنمنٹس دوں گا۔ان کے کوئی نمبر نہیں ہوں گے۔ وہ صرف آپ کے ذاتی مفاد کیلئے ہوں گے۔



# وقت کی اہمیت

- ایک مسلمان کے لئے وقت بہت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ مسلمان جانتا ہے کہ یہ دنیا عارضی ہے اور آزمائش کی جگہ ہے۔اس لئے ہمیں وقت کا بہترین استعمال کرنا چاہیئے۔

ٱلَّذِى خَلَقَ ٱلْمَوْتَ وَٱلْحَيَوٰةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْغَفُورُ

جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تم لوگوں کو آزما کر دیکھے تم میں سے کون بہتر عمل کرنے والا ہے

(سورۃ الملک: ۲)



- اللہ تعالی نے مسلمانوں کو "خَيْرَ اُمَّةٍ" یعنی "تمام امتوں سے افضل" قرار دیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کو قائدانہ مقام حاصل ہے اور انہیں ہر چیز میں بہترین مثال پیش کرنی چاہیئے۔

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ

اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت واصلاح کے لیے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دیتے ہو، بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو (سورۃ آل عمران: ۳)

- ہمیں اپنے آپ سے اکثر یہ سوال پوچھنا چاہیئے کہ ہم اپنا وقت کہاں گزار رہے ہیں اور کیا ہم واقعی اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنے وقت کو استعمال کر رہے ہیں کہ ہم اس دنیا میں امتحان/آزمائش کے لیے آئے ہیں؟

عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

"نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس: الصحة، والفراغ"

(6049 صحيح البخاري كتاب الرقاق باب لا عيش إلا عيش الآخرة)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"دو نعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگ (ان کے غلط استعمال کی وجہ سے) خسارے اور گھاٹے میں رہیں گے:

صحت اور فراغت۔"

[صحیح البخاری 6049]

امام بخاری نے اسے صحیح قرار دیا ہے



# اہم نکتہ

جب ہم کہتے ہیں کہ ہمارے پاس کسی چیز کے لئے وقت نہیں ہے،

تو ہمارے کہنے کا اصل مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ چیز ہماری ترجیح

نہیں ہے!




# ٹائم مینجمنٹ کیا ہے؟

- بنیادی طور پر ٹائم مینجمنٹ اپنے آپ کو manage [منظم] کرنے کا نام ہے۔
- ٹائم مینجمنٹ کا فوکس مینجمنٹ سے گہرا تعلق ہے۔
- فوکس مینجمنٹ سے مراد کوئی بھی کام پوری توجہ کے ساتھ اس طرح کرنا ہے کہ وہ وقت پر مکمل ہو۔

عن عبد الله بن عباس –رضي الله عنهما– أن رسول الله صلى الله عليه وسلم:

"اغتنم خمسا قبل خمس: شبابك قبل هرمك، وصحتك قبل سقمك، وغناك قبل فقرك، وفراغك قبل شغلك، وحياتك قبل موتك"

(9767 شعب الإيمان للبيهقي الزهد وقصر الأمل)

(1077 المحدث الألباني خلاصة حكم المحدث صحيح في صحيح الجامع)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

"پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو: جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، مالداری کو تنگ دستی سے پہلے، فراغت کو مشغولیت سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے۔"

[شعب الایمان 9767]

[امام البانی نے اسے صحیح قرار دیا ہے]



# خلاصہ

- "خَيْرَ اُمَّةٍ" (تمام امتوں میں افضل) ہونے کے ناطے وقت کو manage [منظم] کرنے کی اہمیت کو سمجھیں۔
- مسلمان لیڈر رہیں جنہیں دنیا کی قیادت کرنی ہے۔
- دنیا آزمائش کی جگہ ہے۔(سورہ الملک آیت نمبر 2 کو حفظ کریں)
- درست ترجیحات کا تعین کریں اور فرائض کو ترجیح دیں جیسے نماز اور ذاتی تعلقات۔



# ریسرچ اسائنمنٹ

- سورۃ العصر کی تفسیر پڑھیں۔

# یاد کرنے کیلئے دعائیں

اللَّهُمَّ أَكْثِرْ مَالِي، وَوَلَدِي، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَنِي

اے اللہ میرے مال اور اولاد میں برکت عطا فرما اور جو کچھ تو نے مجھے عطا کیا ہے اس میں برکت عطا فرما۔

## مسنون دعا

# اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

ترجمہ:

اے اللہ میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر کروں شکر ادا کروں اور تیری بہترین عبادت کروں

احمدؒ 5:245، سنن ابو داؤد 2:86، سنن نسائی

## اللہ سے نفع بخش علم مانگنے کا حکم

5. اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَسۡاَلُکَ عِلۡمًا نَافِعًا وَأَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ عِلۡمٍ لَا یَنۡفَعُ .

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم کا سوال کرتا ہوں اور فائدہ نہ دینے والے علم سے تیری پناہ چاہتا ہوں

(السلسلة الصحيحة :1511)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ سے نفع بخش علم مانگو اور فائدہ نہ دینے والے علم سے اللہ کی پناہ مانگو۔ (سنن ابن ماجه:3843)